پریس ریلیز

17 اگست 2020

دی بینک آف پنجاب اور انسٹی ٹیوٹ آف بزنس ایڈمنسٹریشن میں سکالرشپ اور تحقیقی فنڈ قائم کرنے کیلئے اشتراک کا معاہدہ

فوٹو کیپشن کراچی: جناب ظفر مسعود صدر اور سی ای او، دی بینک آف پنجاب اور ڈاکٹر ایس اکبر زیدی ایگزیکٹو ڈائریکٹر آئی بی اے یاداشت پر دستخط کرتے ہوئے۔

کراچی: دی بینک آف پنجاب (بی او پی) اور انسٹی ٹیوٹ آف بزنس ایڈمنسٹریشن (آئی بی اے، کراچی) نے بی او پی - آئی بی اے نیشنل ٹیلنٹ ہنٹ پروگرام (NTHP) کے تحت خیبر پختونخواہ، اندرون سندھ، بلوچستان اور جنوبی پنجاب ریجن سے پانچ انڈر گریجویٹ طلباء کیلئے مکمل تعلیمی سکالرشپ (چار سال) اور بی او پی ملازمین کے آئی بی اے میں پڑھنے والے بچوں کے لیے مکمل سکالرشپ فراہم کرنے کا اعلان کیا ہے۔ آئی بی اے کراچی سٹی کیمپس میں منعقد ہونے والی تقریب کے دوران اس منصوبے کو عملی جامع پہنانے کیلئے جناب ظفر مسعود صدر اور سی ای او دی بینک آف پنجاب اور ڈاکٹر ایس اکبر زیدی ایگزیکٹو ڈائریکٹر آئی بی اے نے یاداشت پر دستخط کیے۔

دی بینک آف پنجاب معاہدے کے تحت طلباء کی امداد میرٹ اور ضرورت کی بنیاد پر کرے گا۔ یہ سکالرشپ امیدواروں کو فرداً فرداً ان کی تعلیمی قابلیت، ذاتی حالات اور مالی حالت کو مدنظر رکھ کر فراہم کی جائے گی۔ اس سکالرشپ کے ذریعے طلباء کو 4 سال تک مکمل تعلیمی اخراجات داخلہ، ٹیوشن، کتابوں اور ہوسٹل کے اخراجات فراہم کیے جائیں گے۔ جبکہ معاہدے کے تحت دوسرے منصوبے کے ذریعے بی او پی ملازمین کے بچوں کی حوصلہ افزائی اور مدد کیلئے علیحدہ سے مکمل تعلیمی اخراجات داخلہ، ٹیوشن، کتابوں اور ہوسٹل کیلئے سکالرشپ فراہم کی جائے گی۔ اس کے علاوہ بی او پی باہمی دلچسپی کے شعبوں میں ہونے والی تحقیق کیلئے آئی بی اے کے ساتھ ملکر کام کرے گا۔

اس موقع پر صدر اور سی ای او دی بینک آف پنجاب ظفر مسعود نے کہا کہ بی او پی اور آئی بی اے کے درمیان ہونے والا یہ اشتراک ہمارے اس عزم کا اظہار ہے کہ بلاتفریق پاکستان کے پسماندہ علاقوں کے بہترین طلباء کی مدد کر کے انھیں آگے بڑھنے کا موقع فراہم کیا جائے گا۔ یہ مشکل حالات سے گزرنے والے ان خاندانوں کیلئے بھی امید کی کرن ہے جو اپنے بچوں کے تعلیمی اخراجات برداشت نہیں کر سکتے۔ بینک کے ملازمین ہمارا سب سے بڑا سرمایہ ہیں ان کی اور ان کے خاندانوں کی فلاح و بہبود میری اولین ترجیح ہے۔ اسی مقصد کے حصول کیلئے آج کے اس معاہدے میں بی او پی ملازمین کے ان بچوں کو بھی شامل کیا گیا ہے جو اعلیٰ تعلیم کیلئے آئی بی اے کے کسی شعبہ میں بھی داخلہ لیں۔

ایگزیکٹو ڈائریکٹر آئی بی اے ڈاکٹر ایس اکبر زیدی نے اسے یادگار موقع قرار دیتے ہوئے کہا کہ پسماندہ علاقوں کے ان ہونہار طلباء کی مدد پر ہم دی بینک آف پنجاب کے شکر گزار ہیں۔ اس مشکل صورتحال میں اس سکالرشپ سے ہمارے طلباء اور ان کے خاندانوں کی نہ صرف مدد ہو گی بلکہ یہ ان کیلئے تحفہ ہے جس سے اعلیٰ تعلیم حاصل کر کے اپنا مستقبل تابناک بنا سکتے ہیں۔ یہ اشتراک لوگوں کی زندگیوں میں مثبت تبدیلی لانے کی بی او پی بنیادی قدر کا عملی ثبوت ہے۔